’’تہران میں سفیر بھارت ڈاکٹر سنجے سنگھ نے
کلیّات غالبؔ فارسی کی رونمائی کی‘‘

(خصوصی رپورٹ)

تہران میں مقیم بھارت کے سفیر ہزا ایکسلنسی ڈاکٹر سنجے سنگھ نے ڈاکٹر سید تقیؔ عابدی کی شاہکار کتاب کلیّات غالبؔ فارسی کی ایک عظیم الشان تقریب میں رونمائی کی۔ اس کلیّات کو تہران کے معروف امیری پبلشر نے شائع کیا۔ ڈاکٹر سنجے سنگھ نے اس تقریب میں غالبؔ دہلوی کی عظیم فارسی شاعری کو دہلی کی جانب سے دنیائے ادب کو بہترین تحفہ قرار دیا۔ سفیر بھارت نے ڈاکٹر تقیؔ عابدی کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عابدی کا یہ کارنامہ غالب شناسی کا اہم اور یادگار کام ہے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ غالبؔ کی فارسی شاعری سے ایشیائی ممالک کے درمیان جن میں فارسی پڑھی اور سمجھی جاتی ہے ادبی، ثقافتی اور تہذیبی روابط کو مزید تقویت حاصل ہوسکتی ہے۔ سفیر محترم نے انگریزی میں غالبؔ کی شخصیت اور ان کی شاعری پر عمدہ اور مختصر تقریر کی جس کو بہت پسند کیا گیا۔ جس کا اُسی وقت سفارت کے مترجم نے فارسی میں ترجمہ کیا۔